سوال

بانجھ پن کا انجیکشن استعمال کرنا

جواب

الحمد للہ

شریعت مطہرہ نے اولاد پیدا کرنے اور کثرت نسل کی ترغیب دلائی ہے، حتی کہ اللہ کے نبی شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم پر یہ بطور احسان ذکر کرتے ہوئے فرمایا :

اور تم یاد کرو جب تم قلیل تھے تو اللہ عزوجل نے تمہیں کثرت دی الاعراف (86).

اور معقل بن یسار رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

" تم ایسی عورت سے شادی کرو جو بہت زیادہ محبت کرنے والی اور بہت زیادہ بچے پیدا کرنے والی ہو، کیونکہ میں تمہاری کثرت کے ساتھ ساری امتوں پر فخر کروں گا "

سنن ابوداود حدیث نمبر (2050) علامہ البانی رحمہ اللہ نے اسے صحیح قرار دیا ہے

مکمل طور پر نسل کشی یعنی بچے بند کرانے کی دو حالتیں ہیں :

پہلی حالت :

ضرورت کی بنا پر ایسا کیا جائے، مثلا کسی ماہر اور تجربہ کار ڈاکٹر کی رپورٹ سے ثابت ہو کہ عورت کی زندگی کے لیے حمل خطرہ ہے، اور اس کا علاج بھی نہیں ہو سکتا، جس کی بنا پر اور خطرہ سے اجتناب کے لیے مکمل طور پر اسے ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا جائے تو اس وقت نسل بند کرانی جائز ہے

دوسری حالت :

کوئی ضرورت نہ ہو، ایسی حالت میں بلاشک و شبہ نسل بند کرانا ایک بڑا جرم اور عظیم گناہ ہے، کیونکہ بغیر کسی سبب کے اللہ کی مخلوق پر زیادتی ہے، اور نسل کو بند کرنے کا باعث بنتا ہے جس کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے رغبت دلائی ہے، اور اولاد کی نعمت کی ناشکری ہے جو کہ مخلوق پر اللہ کی عظیم نعمت شمار ہوتی ہے

الانصاف میں درج ہے :

" الفائق میں قول ہے : " حمل کو ختم کرنے والی چیز کا استعمال جائز نہیں "

دیکھیں : الانصاف (383/1).

اور اسلامی فقہ اکیڈمی میں درج ہے :

مرد اور عورت میں بچہ پیدا کرنے کی قدرت کو ختم کرنا حرام ہے، جو بانجھ کے نام سے پہچانا جاتا ہے، جب تک اس کی کوئی ضرورت نہ ہو اور شرعی امور کو مد نظر رکھتے ہوئے جائز ہو گا کچھ دیر کے لیے حمل میں بطور وقفہ یا پھر کچھ مدت کے لیے حمل کو روکنا جائز جب شرعی طور پر اس کی ضرورت پیش آئے اور خاوند و بیوی کی مشاورت و رضامندی سے ہو لیکن اس میں بھی شرط یہ ہے کہ ایسا کرنے میں کوئی ضرر و نقصان نہ ہوتا ہو، اور پھر کسی شرعی ذریعہ اور وسیلہ سے کیا جائے، اور ٹھرے ہوئے حمل پر کوئی زیادتی نہ ہو" انتہی

دیکھیں: مجمع الفقہ الاسلامی قرار نمبر (39) (5/1).

اس بنا پر اگر تو آپ نے نسل کشی اور نص بندی اس لیے کرائی کہ اس کی ضرورت تھی اور اوپر جو بیان ہوا ہے اس کے مطابق تھی تو آپ پر کچھ لازم نہیں

لیکن اگر بغیر ضرورت کے تھی تو ایک حرام کام کا ارتکاب ہوا ہے، اس لیے آپ کو سچی توبہ کرنا ہوگی، اور فوری طور پر اس طرح کی ادویات اور انجیکشن وغیرہ لینے سے رکنا ہوگا، اور اگر اس کو بغیر کسی ضرر کے ختم کرایا جا سکتا ہے یعنی وہ نص بندی ختم کرا کر بچے پیدا کرنے کی صلاحیت واپس لائی جا سکتی ہے تو ایسا کرنا واجب ہے

واللہ اعلم.